امام احمد رضا

کی

حاشیہ نگاری

جائزہ نگار

علّامہ شمس الحسن شمس بریلوی

مرتّبہ

سید محمد ریاست علی قادری

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا

کراچی

فہرست

کتاب	امام احمد رضاؒ کے حواشی
ترتیب و تدوین	سیّد محمد ریاست علی قادری
مقدمہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
کتابت	حافظ محمود احمد ناصر
ناشر	ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی
طباعت	۱۴۰۴ھ / ۱۹۸۴ء
اشاعت	اوّل
تعداد	ایک ہزار
قیمت	۱۲؍ روپے
مطبع	آر۔ آئی پرنٹرز اردو بازار کراچی

ملنے کے پتے

۱۔ مدینہ پبلشنگ کمپنی۔ ایم اے جناح روڈ۔ کراچی

۲۔ تاجدارِ حرم پبلیکیشنز۔ سپر مارکیٹ۔ لیاقت آباد۔ کراچی

۳۔ مکتبہ رضویہ۔ آرام باغ۔ کراچی۔

۴۔ رضا پبلیکیشنز۔ داتا دربار۔ لاہور

۵۔ مکتبہ غوثیہ، لوہاری گیٹ۔ لاہور۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

اظہارِ تشکر

میں اپنی اس پیش کش کو جناب حاجی ایّوب احمدانی صاحب کے نام نامی سے معنون کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کو منظر عام پر لانے میں ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضاؒ سے بھرپور مالی تعاون فرمایا اللہ تعالیٰ ان کو اس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے اور دوسروں کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

سیّد ریاست علی قادری

مشمولات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

امام احمد رضا قدس سرہٗ کی تصانیف کا جب ذکر آتا ہے تو بیشتر محققین اور دانشوروں کا یہ متفقہ فیصلہ ہوتا ہے کہ علوم متنوعہ پر دسترس اور کثرت تصانیف میں وہ وحید دہر اور فرید عصر تھے حضرت امام احمد رضا ایک کثیر التصانیف عالم تھے۔ آپ کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار سے زائد شمار کی گئی ہیں۔ اور اس قول کی صحت پر ٹھوس شواہد موجود ہیں۔ امام احمد رضاؒ کا اگر ہم ان کے معاصر مصنفین و مؤلفین سے موازنہ کریں تو یہ حقیقت آشکارا ہو جاتی ہے کہ نہ صرف اُن کے دور میں بلکہ ان سے پہلے کے ادوار میں بھی علومِ منقول و معقول پر جو دسترس آپ کو حاصل تھی اور علومِ مختلفہ میں تصانیف کا جو ذخیرہ آپ نے یادگار چھوڑا ہے اس میں ان کا کوئی ہمسر نظر نہیں آتا۔ بے شک امام احمد رضا اپنے دور کے ایک کثیر التصانیف بزرگ متبحر عالم اور بے نظیر و نابغۂ فقیہ و محدّث تھے۔ اسی لیئے یہ بات بڑے وثوق سے کہی جاتی ہے کہ ان کی تصانیف کی تعداد ایکہزار سے بھی زیادہ ہو گی۔ اب تک جو تفصیل مختلف و معتبر ذرائع سے معرض بیان میں آئی ہے اور جو شمار آپ کی تصانیف کا پیش کیا گیا ہے اس سے ہمارے اس دعوے کی صحت پایۂ ثبوت کو پہنچی ہے امام احمد رضا قدس سرہٗ کے شاگرد اور ممتاز خلیفہ ملک العلماء

حضرت مولانا ظفر الدّین بہاری نے ۱۳۲۷ھ تک آپ کی توالیف و تصانیف کی فہرست کو ایک کتاب کی صورت میں ترتیب دے کر "المجمّل المعدّد لتالیفات المجدّد" کے نام سے شائع کرایا۔ اس کتاب میں ۳۵۰ کتابوں کا تعارف کرایا گیا۔ اس فہرست کی اشاعت کے بعد ۹۶ رسائل و کتب اور دستیاب ہوئے۔ جس کی مولانا ظفر الدّین بہاری نے اس طرح تصریح فرمائی ہے کہ یہ فہرست ۱۳۲۷ھ تک کے مؤلفات و مصنفات کی بھی مکمل نہیں ہے بلکہ اس وقت تک معتبر و مستند ذرائع سے جن کتب کے نام معلوم ہو سکے ہیں وہ درج کر دیئے گئے ہیں۔ امام احمد رضا ۱۳۲۷ھ کے بعد ۱۳ سال تک مزید اسا دہ و افادات پر متمکن رہے۔ اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رہا۔ آپ کی زندگی کے آخری دور کی علمی اور قلمی مصروفیات کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دور آپ کی نگارش اور قلمی کاوشوں کا مصروف ترین دور تھا۔ سرعت نگارش کا یہ عالم تھا کہ ایک ایک، دو دو دن میں ایک پورا رسالہ قلم بند کر دیتے تھے۔ صاحب نزہتہ الخواطر[۲] نے جلد ہشتم میں اس کا اعتراف کیا ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ حیات بے ثبات کے آخری ایام تک آپ کی تصانیف کی تعداد یقیناً ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہو گی۔ انوارِ رضا[۳] لاہور اور المیزان[۴] بمبئی (بھارت) میں آپ کی تالیف و تصنیفات کے تحت ۵۴۸ کتب کے نام درج ہیں۔ کچھ عرصہ ہوا پٹنہ یونیورسٹی (بھارت) میں ڈاکٹر حسن رضا صاحب نے اپنے تحقیقی مقالہ موسومہ "فقیہہ اسلام[۵]" میں امام احمد رضا کے ۶۶۲ کتب و حواشی کی تفصیلی فہرست دی ہے۔ صاحب موصوف نے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیئے یہ مقالہ تحریر کیا تھا جو ۶۰۰ صفحات پر محیط ہے اور بھارت سے کتابی صورت میں شائع ہو کر منظر عام پر آچکا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب پرنسپل گورنمنٹ ڈگری سائنس کالج ٹھٹھہ (سندھ) نے اپنی تصنیف "حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی[۶]" میں ۴۸۴ کتب و حواشی کا تذکرہ کیا ہے۔ موصوف

Bibliographical Encyclopaedia
OF IMAM AHMAD RIDA KHAN

ترتیب دے رہے ہیں۔ جو تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ اس میں ۱۰۴۸ توالیف و تصانیف اور حواشی کی فہرست دی گئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ گراں بہا تالیف انشاءاللہ جلد ہی منظر عام پر آنے والی ہے جس کی طباعت و اشاعت کا اہتمام ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کر رہا ہے۔

---

[۱] مولانا ظفر الدین بہاری: المجمل المعدد لتالیفات المجدّد۔ مطبوعہ پٹنہ (بھارت)

[۲] نزہتہ الخواطر، مولانا عبدالحیٔ لکھنوی۔ ناظم ندوۃ العلماء لکھنو (مولانا ابوالحسن علی ندوی میاں کے والد)

[۳] انوارِ رضا: مطبوعہ ۱۹۷۷ء شرکت حنفیہ لمیٹڈ۔ گنج بخش روڈ لاہور

[۴] المیزان: مطبوعہ ۱۹۷۶ء بمبئی (بھارت)

[۵] فقیہہ اسلام: مطبوعہ ۱۹۸۱ء الہ آباد (بھارت) مصنفہ ڈاکٹر حسن رضا صاحب

[۶] حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی: مطبوعہ ۱۹۸۱ء سیالکوٹ۔ مصنفہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد)

[۷] By:- Prof. Mohammad Masud AHMAD Phd.,

زیر طبع

اس سلسلہ میں یہ نکتہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ امام احمد رضا قدس سرہٗ کے فرزند اصغر حضرت مولانا مصطفٰے رضا خان مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ کے تلمیذ رشید مفتی محمد اعجاز ولی خان مرحوم نے اپنی تحقیق کی بناء پر امام احمد رضا کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ لکھی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امام احمد رضا ایسا جامع علوم اور صاحب تصانیفِ کثیرہ سرزمینِ پاک و ہند کو کوئی دوسرا میسّر نہیں آسکا۔ حضرت مولانا مفتی وقارالدین صاحب ممبر مرکزی رویت ہلال کمیٹی، مفتی دارالعلوم امجدیہ کراچی کی تحقیق کو اگر سامنے رکھا جائے تو ہمارے اس دعویٰ کو تقویت ملتی ہے کہ امام احمد رضا جامع علوم ہونے کے ساتھ ایک کثیر التصانیف عالم تھے۔ حضرت مولانا مفتی وقارالدین[9] صاحب فرماتے ہیں کہ "وہ بریلی شریف میں نو سال تک مشہور درس گاہ منظرِ اسلام میں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے اور معقولات و منقولات کی نہایت اہم اور بلند پایہ کتابوں کی تدریس میرے ذمّہ تھی۔ جب مجھے کسی کتاب میں کوئی مشکل پیش آتی تو اس کا حل یہ ہوتا کہ امام احمد رضا کے کتب خانہ سے اس کا نسخہ حاصل کر لیتا تھا۔ اس نسخہ پر حضرت امام احمد رضا قدس سرّہٗ کا قلمی حاشیہ تحریر پاتا۔ جس کے مطالعہ سے میں ان مشکل مقامات کی تفہیم سے عہدہ برآ ہو جاتا اور میری تدریسی دشواریاں حل ہو جاتی تھیں۔ عموماً یہ مشکل مقامات ایسے ہوتے تھے جن کو عام طور پر محشی حضرات چھوڑ جاتے ہیں لیکن امام رضا کا حاشیہ وہاں موجود ہوتا تھا۔"

---

[9] حضرت مفتی اعجاز ولی خان مرحوم، ضمیمہ المعتقد المنتقد۔ مطبوعہ لاہور

حضرت مولانا ابوصالح محمد فیض احمد اویسی بہاولپوری[10] نے "معارفِ رضا" میں امام احمد رضا کے چند حواشی پر روشنی ڈالی ہے۔ مولانا کا یہ مضمون تحقیقی نقطۂ نگاہ سے بڑی قدر و منزلت کا حامل ہے۔ موصوف نے اپنے مضمون میں فنِ حدیث پر امام احمد رضا کے تقریباً ۴۸ حواشی کا ذکر کیا ہے اور فقہ پر ۳۲ حواشی کے نام تحریر کیئے ہیں۔

امام احمد رضا نے نہ صرف تفسیر، حدیث اور فقہ پر حواشی تحریر فرمائے ہیں بلکہ سیر و سوانح، تصوّف اور بیشتر علوم و فنون کی مشہور و معروف کتابوں پر حواشی تحریر فرمائے ہیں جس سے ان کی خداداد ذہانت، دقّتِ نظر اور تبحّرِ علمی کا اندازہ ہوتا ہے مگر افسوس کہ یہ گنجِ گرانمایہ ہماری دسترس سے بہت دُور ہے

امام احمد رضا کی صدہا مصنفات و رسائل کی طرح ان کے غیر مطبوعہ قلمی حواشی تک رسائی بھی ایک بڑی کٹھن منزل اور دشوار گذار مرحلہ تھا لیکن بفضلہٖ تعالےٰ ۱۹۷۸ء میں راقم الحروف بریلی شریف سے ۴۲ مطبوعہ و غیر مطبوعہ حواشی پاکستان لانے میں کامیاب ہو گیا۔ ان حواشی میں ۴۲ غیر مطبوعہ حواشی متنوع الموضوع تھے جن کی تفصیل "رسالہ درعلم لوگارثم"[11] میں موجود ہے۔

---

[9] اعلیحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان کے علمی کارنامے، معارفِ رضا مطبوعہ ۱۹۸۲ء کراچی۔

[10] اعلیحضرت فاضل بریلوی "معارفِ رضا" مطبوعہ کراچی ۱۹۸۲ء

[11] رسالہ درعلم لوگارثم (فارسی) محشّی مولانا احمد رضا خان۔ مرتبہ سید ریاست علی قادری۔ مطبوعہ ۱۹۸۰ء کراچی۔

۱۹۷۹ء میں حضرت مولانا خالد علیخاں صاحب نبیرۂ مفتی اعظم ہند نے تقریباً ڈھائی سو مطبوعہ وغیر مطبوعہ کتب و رسائل حضرت مولانا تقدس علی خانصاحب مدظلہ کی زیرِ نگرانی راقم الحروف کو بھجوائے اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے جناب مولانا محمد ابراہیم صدیقی صاحب کو جنہوں نے بڑی ہمت کا مظاہرہ کیا اور اس متاعِ بے بہا کو اپنے ساتھ بریلی شریف سے لائے۔ یہ قیمتی خزانہ راقم الحروف کے پاس محفوظ و موجود ہے۔ ان رسائل و کتب میں بیشتر منقولات و معقولات کی مشہور کتب پر حواشی ہیں۔ اب تک جو حواشی کی فہرست سامنے آئی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی تعداد ایک سو پچاس سے زیادہ ہے۔ میں اپنے ذاتی مشاہدے کی بناء پر کہہ سکتا ہوں کہ اگر امام احمد رضا کے حواشی کو ان دوسری تصنیفات کی طرح جو ان کے اخلاف کی دسترس میں ہیں تلاش کیا جائے تو ایک عظیم ذخیرہ ہاتھ لگ سکتا ہے۔ میں نے جو ۱۵۰ حواشی کی فہرست مختلف کتب و رسائل سے تیار کی ہے اور جس میں سے ۱۰۲ حواشی میرے پاس موجود ہیں ان کے نام انشاء اللہ ایک فہرست کی صورت میں کسی اور موقع پر قارئین کو پیش کروں گا۔

راقم الحروف نے اپنے بعض کرم فرماؤں کے تعاون سے مذکورہ حواشی کی عکسی نقول بنوا کر پاکستان میں مختلف مقامات پر اربابِ علم و فضل کو بھیجدی ہیں تاکہ محققین ان پر تحقیقی کام کر سکیں متنوع الموضوع حواشی میں کثرت ایسے حواشی کی ہے جن کا تعلق علومِ عقلیہ سے ہے۔ مثلاً بہت سے حواشی علمِ ریاضی، فلکیات، ہیئت، نجوم، جفر، ہندسہ، جبر و مقابلہ، مثلث، توقیت، ارثما طیقی، ردِّ فلسفہ قدیمہ، ردّ فلسفہ جدیدہ وغیرہ پر مشتمل ہیں۔ ان کے مطالعے سے امام احمد رضا کی علمیت، تبحر، ذکاوت اور وسعت نظری کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ منقولات میں تفسیر، حدیث، فقہ، سیر و سوانح اور تصوّف کی مشہور کتابوں پر آپ کے بہت سے حواشی موجود ہیں۔ یہ کثیر حواشی اس بات کے غمّاض ہیں کہ امام احمد رضا جیسا عالمِ دین اور فقیہ کہیں صدیوں میں پیدا ہوتا ہے۔

جب ایک طرف مالی مجبوریاں حائل ہوں اور دوسری طرف بے حسی کا یہ عالم کہ کسی نے ان حواشی کو دیکھنے تک کی زحمت گوارا نہ کی۔ (سوائے معدود چند حضرات کے) اس لیئے یہ ایک بہت ہی مشکل مرحلہ تھا کہ امام احمد رضاؒ کے تمام حواشی کو منظرِ عام پر لایا جاتا۔ جی تو یہی چاہتا تھا کہ تمام حواشی کو کتابی صورت میں شائع کر کے اربابِ علم و فضل کی خدمت میں پیش کر دیا جائے لیکن اپنی کوتاہ دستی اور خواجہ کاشانِ رضویت کی سرد مہری آڑے آئی۔ ہم بجائے اس کے کہ امام احمد رضا کے علمی تبرکات جو آپ نے بطورِ امانت ہمارے پاس چھوڑے ہیں انہیں منظرِ عام پر لاتے ان کی یاد سے بھی غافل ہوتے جا رہے ہیں۔ اس کے برعکس ہماری دینی مصروفیات اور عقیدت مندی محض چند رسوم تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں۔ کاش ہم اندازہ کر سکتے کہ جس محسن نے اپنی پوری زندگی علم کی خدمت میں صرف کر دی اور ہم کو وہ علمی خزانہ عطا کیا کہ اگر ہم اس سے استفادہ کرتے تو ثریا پر کمندیں ڈال سکتے تھے۔ لیکن افسوس کہ ہم امام

احمد رضاؒ سے عقیدت مندی کا تو دم بھرتے ہیں اور سوادِ اعظم کے کھوکھلے نعروں سے دل کو خوش کر لیتے ہیں لیکن جب عمل کا وقت آتا ہے تو منہ پھیر لیتے ہیں۔ آج اغیار ہم پر طعنہ زن ہیں کہ جس امام احمد رضاؒ کے شیدائی خود کو سگِ بارگاہِ رضوی کہلانے میں تو فخر محسوس کرتے ہیں لیکن ان کی علمی کاوشیں متاعِ کم‌پرسی کی طرح اپنوں کی بے توجہی پر نوحہ کناں ہیں۔ اور یہ بھی یہ بات صحیح کہ جس محسن کے خوشہ چینوں میں شمار ہونا ہم اپنے لیئے باعث سعادت سمجھتے ہیں اس کی فراموشی کے لیئے ہمارا ایک ایک عمل گواہ ہے۔

ایک مخلص عقیدت مند وہ ہیں کہ اپنے اکابر و عماد کی قلیل تصانیف کی تعداد میں اس طرح اضافہ کر رہے ہیں کہ ان کے بعد ان کے عقیدت مند قلم جنبش میں لا کر ان کے نام سے کتب تالیف و تصنیف کر کے ان کی شہرت اور وقارِ علمی میں اضافہ کر رہے ہیں اور مقصد یہ ہے کہ کثرتِ تصانیف میں کسی نہ کسی طرح ان کو امام احمد رضاؒ کے بالمقابل لا سکیں اور امام احمد رضاؒ کی عظمت کے بلند مقام کی انفرادیت کو ختم کر دیں۔ دوسری طرف وہ ہیں جن کی نگارش کے نتائج حقیقت میں مایۂ فخر تو نہیں تھے صرف چند کتب ان کی تالیف کے دائرے میں آتی ہیں لیکن ان کے عقیدت مندوں نے اس کو ایک عظیم کارنامہ قرار دے کر اس طرح خراجِ تحسین پیش کیا کہ ان کی شہرت کی بلندی آسمان کو چھونے لگی۔ گویا وہ ہزاروں کتابوں کے مولف و مصنف ہیں۔ اور ایک ہم ہیں کہ خوانِ نعمت ہمارے سامنے بچھا ہے۔ لیکن ہم میں اتنی سکت ہی نہیں کہ الوانِ نعمت سے لذت آشنا ہو سکیں۔

آج کے ترقی یافتہ دور میں جہاں ہر بات تحقیق کے معیار پر پرکھی جاتی ہے اور درائیت کی کسوٹی پر کسی جاتی ہے دنیائے رضویت نے اپنے عظیم محسن کے علمی کارناموں کو اس طرح بھلا دیا ہے جیسے وہ اور اس کے علمی کارنامے نہ قابلِ ذکر تھے اور نہ قابلِ ذکر ہیں۔ اس سے بڑا اور کون سا المیہ ہو سکتا ہے کہ ہم علمی دولت کا ایک گنجِ گرانمایہ رکھتے ہوئے بھی خالی ہاتھ ہیں۔ حیف صد حیف۔ امام احمد رضا کے مخالفین کا تو ذکر ہی کیا خود ان کے عقیدت مندوں نے ان کو سب سے زبردست نقصان پہنچایا۔ اور اس تاریخ ساز ہستی کے ساتھ وہ ظلم کیا کہ بیگانے بھی تڑپ گئے۔

ہر کس از دستِ غیر نالہ کند

سعدیؔ از دستِ خویشتن فریاد

اگر اس عظیم ہستی نے علم و آگہی کا یہ گراں بہا گنجینہ دوسروں کے سپرد کیا ہوتا تو عقیدت کیش اس کی وہ قدر افزائی کرتے کہ اس کی شہرت کے غلغلہ سے زمین و آسمان گونجتے اٹھتے۔ یہ تو اللہ تعالٰے کا کرم، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طفیل اور غوث الاعظمؓ کی شفقت ہے کہ ہماری اس بے اعتنائی کے باوجود امام احمد رضاؒ کو وہ عظمت و شہرت عطا ہوئی کہ دنیا حیران و ششدر ہے۔

امام احمد رضا کے وصال کے بعد آپ کے مکتبِ فکر اور مسلکِ حبِّ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف دو طریقے رہ گئے تھے۔ ایک تو وعظ و تقریر کے ذریعے آپ کے فرمودات کو عام کیا جاتا۔ دوسرے آپ کی تصانیف و تالیف، رسائل و حواشی کو جلد سے جلد منظرِ عام

پر لانے کی کوشش کی جاتی۔ مگر ہوا یوں کہ شقِ آخری سے ہم بالکل بے تعلق ہو کر بیٹھ رہے۔ اس بے اعتنائی اور احسان ناشناسی کے سب سے بڑے مجرم وہ ہیں جو اس کے اہل تھے۔ جو نشر و اشاعت کے میدان میں تجربہ بھی رکھتے تھے اور سرمایہ بھی لیکن بقول "فرصت کسے کہ تیری تمنا کرے کوئی"۔

آج جدید رجحانات سے متاثر ذہن اور تحقیق و دلائل کی تڑپ رکھنے والے نکتہ سنج حضرات کو ٹھوس علمی طریقے، حقائق، شواہد اور دلائل ہی سے متاثر کیا جا سکتا ہے۔ وعظ و تقریر اور زبانی دعوے ان کو متاثر نہیں کر سکتے۔ ہمیں یہ ماننا پڑے گا اور ان حقائق کے پیشِ نظر یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ اب ہم وعظ و تقریر کی ڈگر سے ہٹ کر اس راہ پر قدم رکھیں جہاں علمی حقائق کو صفحۂ قرطاس پر پیش کر کے اپنے دعوے کی صداقت کو منوائیں۔ تحریری ذرائع ابلاغ یعنی وسائل نشر و اشاعت کی ہمارے پاس کمی ہے۔ یہ کمی وقت کی ایک دردناک خلش ہے۔ ہماری انہی کمزوریوں کے باعث باطل ہم پر خندہ زن ہے کہ جس کی علمی فضیلت اور تبحر کے ہم گُن گاتے ہیں اور جس کی تصانیف کی گراں مائیگی کی تعریف میں زمین و آسمان ایک کر دیتے ہیں جب عصری تقاضوں کے تحت ثبوت طلب کیا جاتا ہے تو ہم بالکل تہی دامان نظر آتے ہیں۔

پچھلے دس پندرہ برسوں میں علمی سطح پر کچھ اشاعتی کام ضرور ہوا ہے ہر چند کہ نہ ہونے کے برابر، پھر بھی اپنی افادیت و اثر کے اعتبار سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ اب مخالفین بھی معترف

نظر آتے ہیں کہ امام احمد رضا جیسی جامع العلوم شخصیت کہیں صدیوں میں پیدا ہوتی ہے۔ جب تک امام احمد رضا کی تصانیف منظرِ عام پر نہیں آتی تھیں محققین امام احمد رضا کے کثیر التصانیف مصنف ہونے کے بارے میں تذبذب کا شکار تھے۔ لیکن آج جبکہ ان کی تصانیف کا عشرِ عشیر بھی ہم پیش نہیں کر سکے وہ کھل کر ان کے تبحرِ علمی کا اعتراف کر رہے ہیں۔ محققین و مخالفین کے خیالات میں اس تبدیلی کی وجہ اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ انھوں نے امام احمد رضا کی تصانیف کے مطالعہ سے بہرہ اندوز و مستفید ہو کر اپنی شرافتِ علمی کے باعث ایک حقیقت کا اعتراف کیا ہے اور اپنی محققانہ دیانت کو تعصب کا شکار نہیں ہونے دیا اور وہی کچھ کہا جس کے ٹھوس شواہد و حقائق ان کی نگاہوں کے سامنے تھے۔ اگر ان حقائق کی روشنی نے اب بھی ہماری نگاہوں کے سامنے سے بے اعتنائی کی تیرگی دور نہیں کی تو یہ ایک عظیم سانحہ ہوگا۔ جو حقائق اور نتائج ہمارے سامنے ہیں اور پچھلے پندرہ سالوں میں جو کچھ تھوڑا بہت اشاعتی کام ہوا ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے اگر ہم نے اس میں تیز رفتاری پیدا نہ کی تو اس دوڑ میں ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ دوسروں نے ہم سے بہت بعد میں اس راہ میں قدم رکھا تھا لیکن آج وہ اس دوڑ میں ہم سے بہت آگے ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ ان کی تیز رفتاری ہماری سست گامی سے بازی لے جائے گی۔

یارانِ تیز گام نے منزل کو پا لیا
ہم بیٹھے منتظر جرس کارواں رہے

ایک ہزار سے زائد تصانیف میں امام احمد رضا کے اب تک تقریباً تین سو رسائل و کتب شائع ہوئے ہیں۔ ان میں زیادہ تعداد ان کی ہے جن کا موضوع "خلاف وجدل" ہے۔ اس لیئے علمی حلقوں میں امام احمد رضا کا وہ تعارف نہ ہو سکا جس کے وہ مستحق تھے۔ شروع میں ان کتابوں کو دیکھ کر اہلِ علم یہی سمجھتے تھے کہ خلاف وجدل پر مشتمل تصانیف کے علاوہ ان کے علمی خزانے میں کچھ اور نہیں۔ لیکن اب جبکہ منقولات و معقولات کے موضوعات پر چند ہی کتابیں سامنے آئی ہیں اور محققین نے ان کتب کا بنظرِ غائر مطالعہ کیا ہے تو بعض تو صرف نادرِ روزگار حواشی ہی دیکھ کر حیران و ششدر رہ گئے۔

امام احمد رضا کے معتقدین و متوسلین کی اکثریت اس احساس و اعتراف کے باوصف کہ اعلیٰحضرت کی شخصیت اور علمی کارناموں کو روشناس کرانے کے لیئے خاطر خواہ کام نہیں ہوا، میدانِ عمل میں قدم رکھنے سے کتراتی ہے جبکہ علما و مشائخ اہلِ سنّت اور اربابِ ثروت کی متحدہ اور اجتماعی کوششوں سے بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ ہماری یہ کوتاہی و غفلت ہم سب کے لیئے باعثِ ندامت ہے۔ مخالفین تو مخالفین ہیں ان سے کیا توقع ہو سکتی ہے۔ سوائے بے التفاتی اور دشنام طرازی کے۔ ہم خود کب تک امام احمد رضا کے علمی کارناموں کا ذکر محض زبانی کرتے اور سنتے رہیں گے؟ کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ امام احمد رضاؒ کے علمی حقائق اور فقیہانہ موشگافیوں کو مطبوعہ شکل میں پیش کر کے دنیا کو دکھا دیں کہ ہمارے دعوے کی اساس محض عقیدت پر نہیں بلکہ حقیقت پر قائم ہے۔ کاش امام احمد رضاؒ کے کروڑوں

عقیدت مندوں میں سے چند ہی اس حقیقت کو تسلیم کر کے آگے بڑھیں تاکہ اس عظیم علمی ذخیرے کو منظرِ عام پر لایا جائے جو اب تک ہماری نگاہوں کی دسترس سے دور ہے۔ بحمد اللہ امام احمد رضاؒ کے کچھ مخلصین و معتقدین نے اس طرف توجہ کی۔ اور وقت کی پکار پہ کان دھرے ہیں لبیک کہا ہے اور اربابِ فکر و نظر کو امام احمد رضاؒ کے علمی ذخیرے کی طرف متوجہ کیا ہے۔ مرکزی مجلس رضا لاہور نے امام احمد رضاؒ کے مختلف رسائل و کتب تین لاکھ سے زیادہ کی تعداد میں ملکی و غیر ملکی سطح پر مفت پیش کر کے ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اللہ تعالےٰ مرکزی مجلس رضا کے روحِ رواں جناب حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری اور ان کے رفقاء کا سایہ دنیائے سنّیت پر تادیر قائم رکھے جنکی مساعی جمیلہ سے ابتک لاکھوں انسان اس نابغۂ دوران اور اس کے چند علمی کارناموں سے روشناس و مستفید ہو چکے ہیں۔ اگر کام اس نہج پر ہوتا رہا تو انشاء اللہ تعالےٰ مسلمانوں کی اکثریت اور سوادِ اعظم امام احمد رضاؒ کے علمی کارناموں سے روشناس و مستفید ہو سکے گا۔

یہ دنیا مخلص، عقیدت کیش، علم دوست اور اصحابِ فکر و قلم سے خالی نہیں ہے۔ اور جب تک ایسے لوگ موجود ہیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی کے راستے مسدود نہیں ہوں گے۔ پچھلے چند برسوں میں نامساعد حالات کے باوجود کچھ ایسے حضرات سامنے آئے جنہوں نے امام احمد رضاؒ کے علمی کارناموں کو منظرِ عام پر لانے کے سلسلے میں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا سے مالی تعاون کیا۔ "معارف رضا" اور "دائرۃ

المعارف امام احمد رضا" ان ہی مخلص اور علم دوست حضرات کے مالی تعاون کے آئینہ دار ہیں۔ ان کا تعاون اگر اسی طرح شامل رہا تو امید ہے کہ ادارہ عرس امام احمد رضاؒ کے موقع پر مزید کتابیں پیش کر سکیگا۔

"امام احمد رضا اور عالمِ اسلام" مولفہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد آپ کی خدمت میں اسی سال پیش کی گئی۔ ادارہ اُن تمام حضرات کا بصمیمِ قلب شکر گزار ہے جنہوں نے اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر اپنے اخلاص و عقیدت مندی کا عملی ثبوت دیا۔ امام احمد رضاؒ پر ایک اور کتاب "اجالا" پروفیسر موصوف تحریر فرما رہے ہیں۔ انشاءاللہ یہ کتاب بھی جلد منظرِ عام پر آنے کی توقع ہے۔ پروفیسر صاحب امام احمد رضاؒ پر ایک مبسوط سوانح لکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں جسکی ضخامت تقریباً دو ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی۔ پروفیسر صاحب نے بڑی محنت و کاوش کے بعد ضروری مواد مہیّا کر لیا ہے اور اگر کوئی امر خاص مانع نہ ہوا تو یہ کتاب انشاءاللہ تعالےٰ دو تین سال میں منظرِ عام پر آ سکتی ہے۔ لیکن جب ایسے مخلص اربابِ قلم ہماری سرد مہریاں دیکھتے ہیں تو ان کا تیز رواں قلم رکنے لگتا ہے۔ اور وہ کسی دوسرے علمی کام کی طرف متوجّہ ہوجاتے ہیں تاکہ قلم کی تیز رفتاری میں کمی واقع نہ ہو جائے۔

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا اپنے مخلص کرم فرماؤں کے تعاون سے متنوع الموضوع حواشی میں سے وہی حواشی اس وقت پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے جنکی فلمیں تیّار تھیں۔ ورنہ ابھی ان سے تعداد میں دس گنا حواشی ایسے موجود ہیں جنکی اشاعت کا کام باقی ہے۔ پیشِ نظر حواشی کے ضمن میں ایک بات عرض کرنا ضروری ہے اور وہ یہ

ہے کہ امام احمد رضا کی غیر مطبوعہ کتب و رسائل کی خاصی تعداد مختلف حضرات کے پاس بریلی شریف میں ہے۔ بڑی ستم ظریفی یہ ہے کہ اگر ایک کتاب کے کچھ اوراق اور حصے ایک صاحب کے پاس ہیں تو بقیہ کسی دوسرے صاحب کے پاس۔ ان سب کو سمیٹ کر یکجا کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں بعض حواشی صرف چار ورقی بھی آپ کو نظر آئیں گے جس سے یہ غلط اندازہ نہ لگایا جائے کہ امام احمد رضاؒ نے صرف چار ورقی حاشیہ لکھا ہے جیسا کہ بعض بے خبر حضرات نادانستہ طور پر اظہارِ خیال کرتے ہیں۔ راقم الحروف کے پاس ایسے بے شمار حواشی کا ذخیرہ موجود ہے جن میں سے بعض کی ضخامت تین سو صفحات پر مشتمل ہے۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا کہ صرف اُن ہی حواشی کو شائع کیا جا رہا ہے جو راقم کے پاس موجود ہیں اور جنکی فلمیں بنوالی گئی تھیں۔ ان میں سے اکثر حواشی مکمل نہیں ہیں جس کا سبب میں ابھی بیان کر چکا ہوں۔ لیکن ان کو بطورِ نمونہ پیش کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ اربابِ علم و فن امام احمد رضاؒ کے علمی مقام و مرتبہ کو اپنی تحقیق کا محور بنائیں اور اپنی محقّقانہ ذمہ داریوں کو احسن طریقے پر پورا کریں۔

۱۹۸۲ء میں "معارفِ رضا" میں حضرت علامہ شمس بریلوی نے ایک بسیط اور جامع مقالہ میں امام احمد رضا کے چند حواشی کا تحقیقی جائزہ پیش کیا تھا جسکی علمی حلقوں میں بڑی قدر کی گئی۔ اس مقالے کی تعریف میں پاکستان کے ریٹائرڈ چیف جسٹس جناب جسٹس قدیر الدین احمد صاحب نے "امام احمد رضا کانفرنس"، منعقدہ ۱۰ر دسمبر ۱۹۸۲ء بمقام

تھیوسوفیکل ہال کراچی میں جب اپنے زرین خیالات کا اظہار فرمایا تو صاحبِ مقالہ کو ان کی نگارش پر مبارک باد پیش کی۔ حضرت علامہ شمس بریلوی کی علمی اور ادبی صلاحیتوں، ان کے وسیع مطالعے، عمیق نظری اور اعلیٰحضرت امام احمد رضاؒ سے عقیدت کیشی کی بنا پر ان سے درخواست کی گئی کہ وہ حواشی کے اس مجموعے پر ایک مقدمہ تحریر فرمائیں جسکو انہوں نے قبول فرما کر اپنی علم دوستی، وسیع القلبی اور امام احمد رضاؒ سے خصوصی نسبت کا ثبوت دیا۔ مقدمہ آپ کے سامنے ہے۔ حواشی کے اس مجموعہ میں سوانح امام احمد رضا کی نگارش پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود صاحب کے قلم کی تراوش ہے۔ جن کا قلم پچھلے بیس سال سے امام احمد رضاؒ کے علمی کارناموں کے تعارف کے لیئے وقف ہو کر رہ گیا ہے۔ پروفیسر صاحب نے امام احمد رضاؒ پر اب تک جتنا کام کیا ہے اس کا اگر ہم موازنہ کریں تو ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ اس میدان میں ان کا کوئی مدِّ مقابل نہیں۔ اللہ تعالےٰ ان دونوں محسنینِ رضویت پر اپنا بے پناہ فضل و کرم فرمائے کہ جب اور جس وقت بھی ان سے امام احمد رضاؒ پر کچھ لکھنے کو کہا گیا تو ان حضرات نے اپنی دوسری علمی مصروفیات کو ثانوی حیثیت دی اور فوراً امام احمد رضاؒ پر لکھنے کو تیار ہو گئے۔ میں کس زبان سے اپنے ان کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کروں جن کی مدد کے بغیر میرے لیئے ایک قدم اٹھانا بھی دشوار تھا۔ ربِّ عزوجل ان کو ان کی علمی خدمات کا بہترین اجر عطا فرمائے اور اپنی بارگاہ میں ان کے علمی اور ادبی کارناموں کو شرفِ قبولیت بخشے۔ ان کے درجات میں بلندی عطا فرمائے اور ان کے حوصلوں میں مزید پختگی بخشے تاکہ ان کے قلم سے

ایسے فن پارے منصۂ شہود پر آئیں جن سے لوگ قیامت تک مستفیض ہوتے رہیں۔

؎ ایں دعا از من و جملہ جہاں آمین باد

فی الحال یہ چند حواشی پیشِ خدمت ہیں۔ اگر حالات مساعد رہے تو بقیہ حواشی بھی اسی طرح اگلے برسوں میں یکے بعد دیگرے منصۂ شہود پر آجائیں گے۔ اللہ تعالےٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں علم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ بجاہ سید المرسلین۔

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰے عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

سید محمد ریاست علی قادری
(ادارہ تحقیقات امام احمد رضا)
کراچی
۱۳ر اکتوبر ۱۹۸۳ء

حیات امام احمد رضا

امام احمد رضا نسباً پٹھان، مسلکاً سُنّی حنفی اور مشرباً قادری تھے۔ والد ماجد مولانا نقی علی خان علیہ الرحمۃ (م ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء) اور جدِّ امجد مولانا رضا علی خان علیہ الرحمۃ (م ۱۲۸۲ھ/ ۱۸۶۵ء) متبحر عالم اور صاحبِ تصنیف بزرگ تھے۔ امام احمد رضا کی ولادت ۱۰ شوال المکرّم ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء کو بریلی (یوپی بھارت) میں ہوئی۔ محمد نام رکھا گیا اور تاریخی نام المختار (۱۲۷۲ھ) تجویز کیا گیا۔ جدِّ امجد نے احمد رضا نام رکھا۔ بعد میں خود امام احمد رضا نے عبد المصطفٰے کا اضافہ کیا۔

آپ اکثر علوم و فنون میں دسترس رکھتے تھے۔ بعض علوم و فنون معاصرین علماء سے حاصل کیے اور بعض میں ذاتی مطالعہ اور غور و فکر سے کمال حاصل کیا۔ مندرجہ ذیل ۲۱ علوم و فنون اپنے والد ماجد مولانا نقی علی خان علیہ الرحمہ سے حاصل کیے۔

علم قرآن، علم حدیث، اصول حدیث، فقہ، (جملہ مذاہب)، اصول فقہ، جدل، تفسیر، عقائد، کلام، نحو، صرف، معانی، بیان، بدیع، منطق، مناظرہ، فلسفہ، تکسیر، ہیاۃ، حساب، ہندسہ۔

حضرت شاہ آل رسول (م ۱۲۹۰ھ/ ۱۸۷۱ء) شیخ احمد بن زینی دحلان مکی (۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱ء) شیخ عبد الرحمٰن مکی (م ۱۳۰۱ھ/ ۱۸۸۳ء) شیخ حسین بن صالح مکی (م ۱۳۰۲ھ/ ۱۸۸۴ء) شیخ ابو الحسین احمد النوری (م ۱۳۲۴ھ/ ۱۹۰۶ء) علیہم الرحمہ سے بھی استفادہ کیا اور مندرجہ ذیل ۱۰ علوم و فنون حاصل کیے۔

قراۃ، تجوید، تصوف، سلوک، اخلاق، اسماء الرجال، سیر، تاریخ، لغت، ادب۔

مندرجہ ذیل ۱۴ علوم و فنون ذاتی مطالعے اور بصیرت سے حاصل کیے۔

ارثماطیقی، جبر و مقابلہ، حساب سینی، لوگارثمات، توقیت، مناظر و مرایا، اکر، زیجات، مثلث کروی، مثلث مسطح، ہیاۃ جدیدہ، مربعات، جفر، زائرچہ۔

اس کے علاوہ نظم و نثر فارسی، نظم و نثر ہندی، خطِ نسخ، خطِ نستعلیق وغیرہ میں بھی کمال حاصل کیا۔

علوم و فنون سے فراغت کے بعد تصنیف و تالیف، درس و تدریس اور فتوی نویسی میں ہمہ تن مصروف ہو گئے۔ تقریباً ۵۰ علوم و فنون میں ہزار سے زیادہ کتب و رسائل آپ سے یادگار ہیں۔ امام احمد رضا کی علمی تخلیقات میں شروح و حواشی خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ جن کا تعلق مختلف علومِ عقلیہ و نقلیہ سے ہے۔ ان میں سے بیشتر عربی اور فارسی میں ہیں اور امام احمد رضا کی سرعتِ فکر، دقّتِ نظر، تبحّر اور تعمّق کے روشن شواہد و دلائل ہیں۔

(۲)

امام احمد رضا (۱۲۹۴ھ/ ۱۸۷۷ء) میں اپنے والد ماجد کے ہمراہ شاہ آل رسول مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۷۹ء) کی خدمت

میں حاضر ہو کر سلسلہ قادریہ میں بیعت ہوئے۔ اور مختلف سلاسل طریقت میں خلافت و اجازت حاصل کی۔ مثلاً قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ سہروردیہ، بدلیعیہ، علویہ وغیرہ وغیرہ۔

(۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) میں پہلی بار حج بیت اللہ کے لیئے والدِ ماجد کے ہمراہ عازمِ حرمین ہوئے۔ قیامِ مکہ معظمہ کے زمانے میں امام شافعیہ شیخ حسین بن صالح جمل اللیل آپ سے بے حد متاثر ہوئے اور فرطِ مسرت سے فرمایا۔

انی لاجد نور اللہ من ھذا الجبین

ترجمہ: "بے شک میں اس پیشانی میں اللہ کا نور پاتا ہوں"

۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء میں آپ دوسری بار زیارت حرمین شریفین اور حج بیت اللہ کے لیئے حاضر ہوئے۔ اس سفر میں حرمین شریفین کے علمائے کبار نے بڑی قدر و منزلت فرمائی۔ علمائے مکہ نے نوٹ کے متعلق ایک استفتاء پیش کیا جو علمائے حرمین کے لیئے عقدۂ لاینحل بنا ہوا تھا۔ امام احمد رضا نے محض حافظہ کی بناء پر قلم برداشتہ عربی میں اس کا جواب تحریر فرمایا اور یہ تاریخی نام رکھا:-

کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم

(۱۳۲۴ھ/۱۹۰۴ء) اس جواب کو پڑھ کر علمائے حرمین بے حد متاثر ہوئے۔

کفل الفقیہ کے علاوہ ایک اہم کتاب علمائے مکہ کے ایک استفتاء کے جواب میں تحریر فرمائی اور اس کا یہ تاریخی نام تجویز کیا۔ الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ (۱۳۱۲ھ/۱۹۰۵ء) پھر

الفیوض الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ کے عنوان سے اس کے تعلیقات و حواشی لکھے۔ اس رسالے میں مسئلہ علمِ غیب پر محققانہ بحث کی ہے۔ علمائے حرمین نے جو اس پر تقاریظ تحریر کی ہیں اُن سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ تعجب خیز بات یہ ہے کہ امام احمد رضا نے یہ دونوں کتابیں دورانِ سفر بغیر کوئی کتاب مطالعہ کیئے محض یادداشت کی بناء پر تالیف فرمائیں۔ آپ کی سرعت تحریر، قوتِ حافظہ اور جزئیات فقہ پر ماہرانہ واقفیت کو دیکھ کر علمائے حرمین حیران تھے۔" (نزہتہ الخواطر، ج ۸ ص ۳۹)

امام احمد رضا کو علمائے حرمین بڑی قدر و منزلت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ بعض علماء نے مجددِ امت تک لکھا ہے۔ چنانچہ شیخ اسمٰعیل خلیل (حافظ کتب الحرم) تحریر فرماتے ہیں:-

لو قیل فی حقہ انہ مجدد ھذا القرن لکان حقاً وصدقاً

(حسام الحرمین، ص ۱۴۰، ۱۷۲)

اسی طرح شیخ علی شامی ازہری احمدی دردیری مدنی تحریر فرماتے ہیں:-

امام الائمۃ المجدد لھذہ الامۃ

(حسام الحرمین، ص ۲۶۲)

(۳)

فن فتاویٰ نویسی میں امام احمد رضا اپنے معاصرین میں ممتاز تھے۔ انہوں نے تقریباً ۵۴ سال تک یہ فرائض بحسن و خوبی انجام دیئے۔ فقہ میں جد الممتار (حاشیہ شامی) اور فتاویٰ رضویہ (۱۲ مجلدات) کے علاوہ ایک اور علمی شاہکار ترجمہ قرآن کریم ہے جو (۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء) میں

کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن کے نام سے منظرِ عام پر آیا؛ اور جس کے تفسیری حواشی خزائن العرفان فی تفسیر القرآن کے نام سے مولانا نعیم الدّین مراد آبادی نے تحریر فرمائے جو ایجاز و اختصار اور جامعیت کے لحاظ سے بے نظیر ہیں۔ حال ہی میں بعض حضرات نے اس ترجمے کے خلاف ایک شورش برپا کی ہے۔ راقم کے نزدیک اس کی حیثیت علمی نہیں بلکہ سراسر سیاسی طبقاتی اور نظریاتی ہے۔ یہ ترجمہ ۷۰ برس پہلے ہوا ظاہر ہے کہ اس طویل عرصے میں دونوں طرف بیسیوں ایسے متبحّر علماء گزرے جس کا پاسنگ بھی آج نہیں ملتا۔ جب ان کو اس ترجمے میں غلطیاں نظر نہ آئیں تو پھر ہماری خردہ گیری کی کوئی علمی حیثیت نہیں ہے۔ اصل میں بات یہ ہے کہ گذشتہ تیرہ برس میں امام احمد رضا کا شہرہ پاک و ہند سے گزر کر دیارِ مشرق و مغرب میں پھیل چکا ہے۔ ظاہر ہے یہ بات ان حضرات کو پسند نہیں جو امام احمد رضا کو بقولِ خود دفن کر چکے تھے۔ اب امام احمد رضا کے آفتابِ فکر کے سامنے ان کا چراغِ فکر ٹمٹمانے لگا۔ یہ بات کس کو گوارا ہو سکتی ہے کہ کسی کی گرم بازاری کے باعث اس کا بازار سرد ہو جائے۔

امام احمد رضا نے قرآن کریم کا جس نظر سے مطالعہ کیا اس کا اندازہ ان کے اس مصرعے سے ہوتا ہے:

ع قرآن سے میں نے نعت گوئی سیکھی

(حدائق بخشش۔ حصہ دوم، ص ۹۹)

وہ فنِ شعر میں کمال رکھتے تھے۔ نعت گوئی کو اپنا مسلکِ شعری بنایا۔ ہر صنفِ شاعری پر طبع آزمائی کی۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ہر جگہ نعت ہی کی جھلک نظر آتی ہے۔ ان کے دیوان "حدائق بخشش" کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اردو، فارسی، عربی اور ہندی وغیرہ میں شعر گوئی پر پورا پورا عبور حاصل تھا۔ ان کا مشہور سلام جس کا مطلع ہے

ع مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

پاک و ہند کے طول و عرض میں پڑھا جاتا ہے۔

تحریکِ آزادی کے سلسلے میں امام احمد رضا اور ان کے تلامذہ و خلفاء کی خدمات قابلِ ذکر ہیں۔ انہوں نے انیسویں صدی کے آخر سے مسلمانوں کے سیاسی حالات بنظرِ غائر مطالعہ کیئے اور تحریر و تقریر کے ذریعے اپنی اصلاحات اور تجاویز پیش کیں جو ۱۹۱۲ء میں کلکتہ سے شائع ہوئیں۔ اس سے قبل ۱۸۹۷ء میں پٹنہ کے اجلاس میں اسی موضوع پر اظہارِ خیال فرمایا۔ امام احمد رضا کے آخری دور میں سیاست نے ایک نیا رُخ اختیار کر لیا تھا۔ تقریباً (۱۹۱۹ء/۱۳۳۹ھ) میں تحریکِ خلافت کا آغاز ہوا اور دوسرے ہی سال (۱۹۲۰ء/۱۳۳۹ھ) میں گاندھی کے ایماء پر تحریکِ ترکِ موالات کا آغاز ہوا۔ انجام سے بے نیاز ہو کر ہندو مسلم شیر و شکر ہو رہے تھے۔ امام احمد رضا نے اس اختلاط کے خطرناک نتائج سے آگاہ فرمایا اور ایک معرکۃ الآراء رسالہ المحجۃ المؤتمنۃ فی اٰیۃ الممتحنۃ (۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء) تحریر کیا۔ بعض حضرات امام احمد رضا پر انگریز نوازی کا الزام لگاتے ہیں لیکن حقائق اس کے بالکل برعکس ہیں۔ جس کی تحقیق راقم نے اپنے مقالے "گناہِ بے گناہی" (مطبوعہ لاہور ۱۹۸۲ء) میں کی ہے۔ امام احمد رضا

کا دامن انگریز نوازی کے الزام سے یکسر پاک تھا۔ ہاں الزام لگانیوالوں کے دامن ضرور داغدار ہیں۔ امام احمد رضا کے متوسلین و معتقدین نے ۱۳۵۹ھ/ ۱۹۴۰ء میں مطالبۂ پاکستان کے اعلان کے ساتھ ساتھ اپنی مساعی تیز تر کر دیں۔ ان کے خلوص اور جذبے کا اندازہ مولانا سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادی کے اس عزم سے ہوتا ہے۔

"پاکستان کی تجویز سے جمہوریتِ اسلامیہ کو کسی طرح دست بردار ہونا منظور نہیں۔ خود قائدِ اعظم محمد علی جناح اس کے حامی رہیں یا نہ رہیں۔"

(حیات صدر الافاضل، ص ۱۸۶، مکتوب ۲)

اسی طرح سیّد محمد محدث کچھوچھوی (تلمیذ مولانا احمد رضا خاں) نے آل انڈیا سنّی کانفرنس منعقدہ اجمیر شریف (۵ تا ۶ رجب ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء) میں خطبۂ صدارت میں یہ پُرجوش کلمات کہے۔

"اٹھ پڑو، کھڑے ہو جاؤ، چلے چلو، ایک منٹ نہ رکو، پاکستان بنا لو تو جا کر دم لو۔" (الخطبۃ الاشرفیہ، ص ۳۸)

امام احمد رضا نے ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء کو بوقتِ نمازِ جمعہ ۲ بجکر ۳۸ منٹ پر وصال فرمایا۔ چند ماہ قبل قرآن کریم کی اس آیت سے الہامی طور پر اپنا سنۂ وفات نکالا تھا۔

ویطاف علیھم بانیۃ من فضۃ و اکواب

(وصایا شریف، ص ۱۲۱)

(۵)

آپ کے دو فرزند تھے۔ حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان

علیہ الرحمہ اور مفتی اعظم مولانا مصطفٰے رضا خان علیہ الرحمہ۔ مولانا حامد رضا خان ربیع الاوّل ۱۲۹۲ھ/ ۱۸۷۵ء میں پیدا ہوئے۔ کتب معقول و منقول والد ماجد سے پڑھیں۔ عربی ادب پر بڑا عبور رکھتے تھے۔ ۷۰ برس کی عمر پائی۔ ۲۳ سال والدِ ماجد کے جانشین رہے اور برسوں دار العلوم منظرِ اسلام (بریلی) میں درس حدیث دیا۔ اور ۱۷ جمادی الاوّل ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۳ء کو وفات پائی۔ صاحبِ تصنیف بزرگ تھے۔

مفتی اعظم مولانا مصطفٰے رضا خان اوائل ۱۳۱۰ھ/ ۱۸۹۲ء میں پیدا ہوئے۔ برادر بزرگ مولانا حامد رضا خان سے تعلیم حاصل کی اور والد ماجد سے علومِ دینیہ کی تکمیل کی۔ دار الافتاء الرضویہ (بریلی) میں ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء ستّر سال فتویٰ نویسی کے فرائض انجام دیئے۔ وہ اپنے والد ماجد امام احمد رضا کا آئینہ تھے۔ ۱۹۸۱ء میں ان کا وصال ہو گیا۔

امام احمد رضا کے خلفاء نہ صرف پاک و ہند بلکہ حرمین شریفین میں بھی پھیلے ہوئے تھے۔ اب صرف ایک خلیفہ حضرت علامہ مفتی محمد برہان الحق جبل پوری یادگار رہ گئے جو ہندوستان میں فیض رساں ہیں۔

(۶)

الغرض امام احمد رضا چودھویں صدی ہجری کے جلیل القدر عالم، عظیم المرتبت مفتی، بلند پایہ مصنّف، دیدہ ور سیاستدان، صاحبِ بصیرت سائنسدان اور باکمال ادیب و شاعر تھے۔ پاک و ہند کے محققین نے ہنوز ان کی طرف توجّہ نہیں کی۔ وہ دنیا کے ہر محقق کی توجّہ کے لائق ہیں۔ اگر ان کی فقہی اور علمی تصانیف سیاسی اور سائنسی بصیرت اور ادب و شاعری پر تحقیق کی جائے تو بہت سے رازہائے سربستہ معلوم ہوں گے۔

اور ہم بجا طور پر فخر کر سکیں گے کہ پاک و ہند میں ایک ایسا یگانۂ روزگار عالم پیدا ہوا جس کی نظیر نہ اس کے زمانے میں تھی اور نہ اب ہے۔ اور حکیم عبدالحیٔ لکھنوی کا یہ اعتراف حقیقت بن کر سامنے آجائے گا:۔

یندر نظیرہ فی عصرہ فی الاطلاع علی الفقۃ الحنفی و جزئیاتہ یشھد بذالک مجموع فتاواہ

(عبدالحیٔ لکھنوی، نزہتہ الخواطر، جلد ششم، ص ۴۱)

ترجمہ:۔ فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر مولانا احمد رضا خاں کو جو عبور حاصل تھا اس کی نظیر شاید ہی کہیں ملے۔ اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے۔

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ
پرنسپل
گورنمنٹ ڈگری کالج ٹھٹھہ (سندھ)

علامہ حضرت شمس بریلوی

امام احمد رضاؒ کی حاشیہ نگاری

قارئین کرام! جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ امام احمد رضا قدس اللہ سرہٗ کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار سے بھی زیادہ ہے۔ بعض ان میں کافی ضخیم ہیں اور بعض کی ضخامت کم ہے۔ اسلامیات کا کوئی موضوع ایسا نہیں ہے جس پر امام احمد رضا قدس سرہٗ نے قلم نہ اٹھایا ہو اور دادِ تحقیق نہ دی ہو۔ آپ کی ان عالمانہ، فقیہانہ اور مجددانہ تحقیقات کے دائرے میں آپ کے گرانقدر حواشی بھی آتے ہیں، جن کی تعداد ڈھائی سو کے قریب ہے۔ یہ حواشی بحمداللہ دستبرد زمانہ سے محفوظ ہیں اور ان کے قلمی نسخے سید محمد ریاست علی قادری رضوی کی تحویل میں آج بھی موجود ہیں۔ وہ کئی سال سے اس امر میں کوشاں ہیں کہ علمائے اہلِ سنت سے کوئی دیدہ ور اٹھے کہ وہ ان حواشی کے تراجم و تعارف سے دنیائے علم و فضل کو آگاہ کر سکیں۔

"اے بسا آرزو کہ خاک شدہ"

اب تک ان کو اس سلسلہ میں کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ گذشتہ معارفِ رضا نامی کتاب میں جو ادارہ معارفِ رضا کراچی نے شائع کی تھی، راقم الحروف شمس بریلوی نے امام احمد رضاؒ کے چند حواشی کا تعارف اربابِ فضل و کمال سے کرایا تھا اور وعدہ کیا تھا کہ آئندہ بھی حواشی پر قلم اٹھاؤں گا۔ میں نے ان حواشی کا تعارف جس کاوش و کاہش سے پیش کیا ہے اس کو کچھ اربابِ فضل و کمال ہی جانتے ہیں۔ میں نے ہر ایک کتاب مُحشّٰی کے مصنف کے تعارف کے بعد امام احمد رضا قدس اللہ سرہٗ کے حاشیہ کو اس طرح پیش کیا تھا کہ حضرت امام احمد رضاؒ نے جہاں جہاں محشی کو تنبیہہ اور آگاہ کیا یا تعقب کیا ہے ان مقامات کو حاشیہ سے انتخاب کر کے پیش کیا اور توضیح و تصریح کے مقامات کی نشاندہی کی۔ ممکن ہے قارئینِ معارفِ رضا کو بادی النظر میں یہ کام بہت معمولی نظر آیا ہو۔ یہ ان حضرات کا اپنا مطمعِ نظر ہے لیکن میں نے اس نگارش

میں کئی ماہ کی مدت صرف کر دی۔ تب کہیں یہ کام سرانجام ہو سکا۔ الحمد للہ۔

میرے محترم سید محمد ریاست علی قادری صاحب امام احمد رضا قدس سرہٗ کے چند حواشی کا مجموعہ پیش کر رہے ہیں۔ جب باوجود کوشش اور سخت تگ و دو کے کوئی صاحبِ فضل و کمال دنیائے رضویت سے ان چند حواشی کے ترجمے کے لیئے آمادہ نہیں ہوا تو انہوں نے محض اس خیال سے کہ آئندہ شاید کوئی صاحبِ فضل و کمال اس طرف توجہ مبذول فرمائے۔ چند حواشی (بطورِ نمونہ) کا مجموعہ ایک کتابی شکل میں پیش کر دیا ہے۔ دوسرے یہ امر بھی ان کے ملحوظِ خاطر تھا کہ یہ حواشی بریلی شریف سے محض مستعار حاصل کیئے گئے تھے اور اُن کی واپسی کا سخت تقاضا ہے لہٰذا اس انمول دولت سے جو کچھ بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے وہ اٹھالیا جائے۔

محترمی سید محمد ریاست علی صاحب قادری نے مجھ سے فرمائش کی کہ میں ہر کتاب محشّٰی کے مصنف کا تعارف اسقدر اختصار کے ساتھ پیش کروں کہ وہ ایک صفحہ سے زیادہ نہ ہو تاکہ قاری حاشیہ محشّٰی کتاب کے مصنف اور اس کے زمانے سے قدرے واقف ہو جائے صاحبِ موصوف کے پاسِ خاطر سے مندرجہ ذیل کتب کا بہت ہی مختصر تعارف پیشِ خدمت کر رہا ہوں۔

۱۔ فتاویٰ بزازیہ
۲۔ حلیہ شرح منیۃ المصلی
۳۔ دُرر الحکام شرح غرر الاحکام
۴۔ بحر الرائق و منحۃ الخالق علی البحر
۵۔ شرح معانی الآثار
۶۔ عمدۃ القاری شرح بخاری
۷۔ کنز العمال
۸۔ اصابہ فی معرفۃ الصحابہ
۹۔ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع
۱۰۔ موضوعاتِ کبیر ملّا علی قاریؒ

۱۱۔ حواشی الفتاویٰ البزازیہ
۱۲۔ حاشیہ فتح الباری شرح صحیح البخاری
۱۳۔ حاشیہ تبیین الحقائق للزیلعی
۱۴۔ حاشیہ مدخل۔

اس مرتبہ میں نے ہر ایک حاشیہ کے تعارف کے ساتھ سابقہ التزام (توضیح و تصریح تنبیہ و تعقب) نہیں کیا ہے بلکہ جیسا کہ عرض کر چکا ہوں صرف کتابِ محشّٰی کے مصنف کا بہت ہی اختصار کے ساتھ تعارف کرایا ہے۔ افسوس کہ اتنا طویل عرصہ گزر جانے کے بعد بھی آج تک کسی کو ہوش نہ آیا کہ وہ امام احمد رضا قدس سرہٗ کے ان حواشی کو جو حضرت کے تبحّرِ علمی کا ایک انمٹ نشان اور دنیائے رضویت کے لیئے طرّۂ امتیاز اور خواجہ تاشانِ رضویت کے لیئے سرمایۂ نازش و افتخار ہیں، تراجم کے ساتھ شائع کر کے اپنی عقیدت و علمیت کا ثبوت دیتے۔

امام احمد رضا قدس سرہٗ کی حاشیہ نگاری کی خصوصیات پیش کرنے سے قبل یہ چند حقائق آپ کے سامنے پیش کرنے پر عقیدت نے مجبور کیا اور زبانِ قلم پر آگئے۔ اس کے لیئے آپ سے معذرت خواہ ہوں۔ ان سے معذرت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جن کے احساسات مُردہ ہو چکے ہیں اور تن آسانی جن کا شعار بن چکا ہے۔

آیئے اب قرنِ سیزدہم کے آفتابِ علم و فضل کی چند کرنوں سے اکتسابِ نور کے لیئے آپ کو کمالِ علمی کے اس میدان میں لے چلوں جہاں جہاں حاشیہ نگاری و تعلیقات نگاری کے بلند منارے ایستادہ ہیں اور جن کی بلندی کا اندازہ کرنے کے لیئے علم و فضل کی دستار کو تفحص و تعمق کے پاکیزہ ہاتھوں سے سنبھالنا پڑتا ہے۔ میں یہاں حاشیہ نگاری کی تاریخ پیش نہیں کروں گا بلکہ آپ کو حاشیہ نگاری، تعلیقات نگاری اور شرح نگاری کا فرق بتاؤں گا اور امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کی حاشیہ نگاری کی خصوصیات سے آگاہ کروں گا کہ اس مقدمہ کی نگارش کا منشا یہی ہے۔

حاشیہ، تعلیقات اور شرح

شرح :۔ کسی کتاب کی شرح خواہ وہ کسی متن سے متعلق ہو توضیح و مطالب و تشریح کیلئے اصل متن سے زیادہ ضخامت اور حجم کی خواہاں ہوتی ہے کہ شرح نگاری سے شارح کا یہی مقصود ہوتا ہے کہ ان مباحث و مطالب کو جو صاحب متن (یا ماتن) نے پیش کیئے ہیں واضح سے واضح تر صورت میں پیش کرے اور جن نکات کو ماتن نے پیش نہیں کیا ہے اور جن مضمرات کی وضاحت نہیں کی ہے ان کی وضاحت پیش کرے۔ اگر متن میں اغلاط ہیں تو شارح ان کی وضاحت کرے۔ حدیث شریف کے اکثر مجموعوں کی شروح لکھی گئی ہیں اور اپنی وضاحت و تعبیرات و مسائل فقہیہ و شرعیہ کے مستدل ہونے کے باعث ہر ایک شرح اس کے متن سے زیادہ ضخیم ہے۔ حدیث کے متعدد طرق جو شارح کی نگاہ میں ہوتے ہیں وہ ان کو پیش کرتا ہے، حدیث کے راویوں پر بحث کرتا ہے، حدیث کے حسن غریب یا دیگر اقسام پر بحث کی جاتی ہے۔ اگر صاحب متن سے اس سلسلہ میں اختلاف ہوتا ہے تو اس کو استدلال و براہان کے ساتھ بیان کرتا ہے جن فقہی مسائل کا اس حدیث سے استخراج ہو سکتا ہے انکو مستنبط کرتا ہے۔ اگر کسی مذہب کی وہ حدیث موید ہوتی ہے یا اگر کسی مسلک پر اس سے جرح ہو سکتی ہے تو اس کی تعدیل یا جرح کرتا ہے۔ رواۃ حدیث کا بھی شارح تعارف کراتا ہے۔ حدیث کی شانِ ورود شارح بیان کرتا ہے۔ اگر دوسرے شارحین بھی اس کے موجود ہیں تو ان کے اقوال بھی پیش کرتا ہے۔ لغاتِ حدیث اور ان کے معانی سے بحث کی جاتی ہے۔ معانی اور بیان کے مسائل پیش کیئے جاتے ہیں صرفی اور نحوی نکات زیر بحث آتے ہیں۔ یہاں اتنا موقع نہیں کہ میں شرح کے سلسلہ میں کچھ کھل کر لکھ سکوں۔ میں صرف ایک مثال پیش کروں گا۔ حدیثِ مشہورہ ہے

"انما الاعمال بالنیات"

ایک ایسی حدیث ہے کہ صحاح ستہ میں سے کئی ایک صحیح ایسی ہیں جن کا آغاز اسی حدیث

مبارکہ سے ہوتا ہے۔ ائمہ مذاہب اربعہ نے اپنے اپنے مسلک و مذہب کی تائید کے لیئے اس حدیثِ مبارکہ کی تشریح و توضیح کی ہے اور اس پر کھل کر بحث کی گئی ہے کہ با ء کا متعلق مقدر کیا ہے۔ حضرات شوافع "تصح بالنیات" کو مقدر مانتے ہیں اور صحتِ شرعی اس سے مراد لیتے ہیں۔ محققین، فقہاء احناف ثواب الاعمال بالنیات کو مقدر مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اعمال کے ثواب کا مدار باعتبار نیت ہے۔ یہ تحقیق علامہ شمس الدین سروجی صاحب العنایہ کی ہے جو شارح ہدایہ ہیں۔ اور دوسرے مسالک کے ائمہ نے اپنے اپنے مسلک کی تائید کے لیئے دلائل براہین پیش کیئے ہیں۔ اور بات "نیتِ وضو" تک جا پہنچی۔ حضرات شوافع نے کہا ہے کہ ایسے وضو سے جس کی نیت نہ کی گئی ہو نماز نہیں ہوگی۔ اور احناف کہتے ہیں کہ وضو کے مفتاح الصلوٰۃ ہونے میں نیت شرط نہیں۔ یعنی ہم احناف استدلال میں پانی کے مطہر طبعی ہونے کو پیش کرتے ہیں۔ البتہ تیمم کے لیئے نیت شرط ہے۔ اس سلسلے میں شارحین نے اپنے اپنے تبحر علمی سے عجیب و غریب نکات پیش کیئے ہیں۔ صرف اسی ایک حدیث مبارکہ کے تحت اسقدر مباحث آگئے ہیں کہ بعض شروح کے ۲۵-۵۰ بڑے سائز کے صفحات کو وہ مسائل محیط ہیں۔

ایسا ہی حال کتب فقہ کی شروح کا ہے۔ فقہ حنفیہ کی مشہور کتاب "تنویر الابصار" ہے (جو ہدایہ کی شرح ہے) اسی تنویر الابصار کی شرح "در المختار" ہے اور اس کی شرح "رد المختار" ہے۔ میں یہاں تنویر الابصار سے ایک مثال پیش کرتا ہوں جس میں تنویر الابصار کے متن کو خطِ کشیدہ کروں گا اور اس کی شرح در المختار کو غیر خطِ کشیدہ رکھوں گا پھر اس کا ترجمہ پیش کروں گا تاکہ آپ کو یہ اندازہ ہو سکے کہ شرح نگاری کے لیئے کس تبحر اور دقتِ نظر کی ضرورت ہے اور کتنا مشکل کام ہے اور ایک شارح کو کن دشوار مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے۔

تنویر الابصار جلد اوّل ۔

(در المختار یعنی شرح تنویر الابصار) فرضت فی الاسراء لیلۃ السبت سابع عشر رمضان قبل الھجرۃ لسنۃ ونصف وکانت قبلہ صلوٰتین قبل طلوع وقبل غروبھا (شمنی)

ترجمہ :۔ نماز معراج شریف میں شب شنبہ رمضان شریف کی سترھویں تاریخ کو ہجرت سے ڈیڑھ سال قبل فرض ہوئی اور معراج شریف سے قبل صرف دو نمازیں تھیں۔ ایک طلوع آفتاب سے قبل اور دوسری غروبِ آفتاب سے پہلے۔ شمنی نے ایسا ہی لکھا ہے۔

اب ردالمحتار میں اس کی شرح ملاحظہ فرمایئے۔ میں یہاں متن طویل نقل نہیں کروں گا صرف ترجمہ پیش کر رہا ہوں۔

ردالمحتار یعنی شرح درمختار :۔ اور شارح (تنویر الابصار) یا صاحب درالمختار نے رمضان شریف میں وقوع معراج کا ذکر کیا ہے وہ ایک قول ہے۔ اس سلسلہ میں دوسرا قول یہ ہے کہ معراج ماہِ رجب میں ہوئی اور لوگوں میں بھی یہ قول مشہور ہے۔ امام نووی نے "سیرالروضہ" میں اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ اسی طرح اس حدیث شریف کی شرح جو بدء وحی کے سلسلہ میں ہے اور علامہ بخاری نے جس کو بابِ کیف کان بدء الوحی الی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم میں روایت کیا ہے آپ شروح بخاری مطالعہ فرمایئے اور ان ابحاث کو ملاحظہ کیجئے کہ شارحین کرام نے اپنی ذکاوت فہم اور فراستِ علمی سے کیا کیا نکات پیدا کیئے ہیں اور کتنے دینی مسائل کو پیش کر کے امتِ مسلمہ کو مرہونِ منت بنایا ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔ بخاری کی شرح فتح الباری اور علامہ حجر عسقلانی ۸۵۲ھ شرح بخاری از علامہ عینی عالمانہ تحقیق و تدقیق، استنباط و استخراج مسائل فقیہہ اور مسائل علیہ پڑھ کر آپ حیران رہ جائیں گے۔ شارحین حضرات کا مقام علمی اور تبحر اس وقت آپ پر ظاہر ہو گا۔ مسائلِ عقلی و نقلی کے دریا بہائے ہیں اور ان شارحین حضرات کی فکر رسا نے ان مناروں پر کمند ڈالی ہے جہاں تک فکرِ انسانی پہنچ سکتی ہے۔ صرف بخاری ہی پر حصر نہیں ہے بلکہ آپ صحاح ستہ کی شروح کو دیکھئے کہ یہ شروح متونِ صحاح سے کس قدر ضخیم ہیں۔ اسی طرح حدیث مبارکہ کے اور مجموعے موسوم بہ صحاح و جوامع و مسانید اور معاجم ہیں جن سے ہمارے کتب خانے الحمدللہ معمور ہیں۔ تصریح بالا کا مقصد یہ تھا کہ شارح جب کسی کتاب کی شرح کرتا ہے تو اس کے ہر پہلو پر نظر ڈالتا ہے اور متن کی ہر ہر سطر کی اس طرح وضاحت کرتا ہے کہ جو نکات متن میں مضمر تھے وہ سب کے سب عیاں ہو جائیں۔ شارح کے لیے بھی اتنے ہی مبلغ علم، ذکاوت اور دقتِ نظر کی ضرورت ہے جو صاحب متن

کو حاصل تھا۔ آپ نے ملاحظہ کیا کہ شارح نے شرح میں "شارح تنویر الابصار" کے قول کا تعاقب کیا ہے۔ صاحب درمختار کے کمالِ علمی کے پیشِ نظر ان کے قول کی تغلیط تو نہیں کی لیکن احتیاط کے ساتھ "ایک قول یہ ہے" کہہ کر ان کے قول کی تردید کر دی۔

یہ تھی شرح نگاری کی مختصر کیفیت اور ایک شارح کے مختصر اوصافِ علمی اور اس کا تبحر ایک مشہور شرح اور اس شرح کی شرح اور اس کے حواشی کو آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے تاکہ آپ کو اندازہ ہو جائے کہ ایک شارح کو کن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے اور کسی متن کی تشریح و توضیح و تصریح میں اس کی نظر کہاں تک تلاش و تجسس میں پہنچتی ہے اور کن کن زاویوں سے جائزہ لیتی ہے۔ آیئے اب شرح کے بعد تعلیقات کے بارے میں کچھ عرض کروں پھر حاشیہ نگاری کے فن کا جائزہ پیش کروں گا۔ اس مرحلہ سے گزرنے کے بعد امام احمد رضا قدس سرہٗ کے حواشی کا آپ سے تعارف کراؤں گا کہ ان تصریحات کے بعد ہی آپ یہ اندازہ کر سکیں گے کہ حاشیہ نگاری کتنا اہم اور مشکل مرحلہ ہے۔

تعلیقات نگاری :۔ تعلیقات یا تعلیقات نگاری سے مراد کسی متن کی ایسی مراحتیں ہیں جو تفصیل و تصریح کے سلسلہ میں شرح کی تو محتاج نہیں کہ اس صورت میں اس متن کے لیئے شرح کی ضرورت ہوتی اور تعلیقات سے مقصد پورا نہیں ہو سکتا تھا۔ تعلیقات نگاری میں متن کے کسی نکتہ کے سلسلہ میں کوئی ایسی وضاحت مقصود ہوتی ہے جو صاحب متن نے ترک کر دی تھی۔ یا کسی اس مسئلہ کے سلسلہ میں جو صاحب متن نے بیان کیا ہے مزید دلائل و براہین پیش کرنے مقصود ہوتے ہیں یا متن سے کسی مسئلہ کا استخراج کیا جاتا ہے تو ایسی صورت میں تعلیقات نگار ذیل متن میں یا متن کے حاشیہ پر اس کو بیان کر دیتا ہے یا کسی اختلافی دلیل کو ماتن کے مقابلہ میں پیش کرتا ہے اور ماتن کا تعقب کرتا ہے یا تعارض ________ تعلیقات عموماً متن کے ذیل میں نگارش کی جاتی ہے البتہ حاشیہ پر اس وقت تعلیقات کو ترقیم کرتے ہیں جبکہ متن پر حواشی کی نگارش مقصود و مطلوب نہیں ہوتی۔ شرح اور تعلیقہ کا خاص فرق یہ ہے کہ شرح میں متن کی کسی سطر کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاتا تمام و کمال متن کی تصریح و توضیح کی جاتی ہے اور تعلیقات میں یہ ضروری

دکھاتا ہے اور اس کی غلطی سے آگاہ کرتا ہے۔ اس منزل پر محشی کا تبحّر علمی ماتن سے بمراحل آگے بڑھ جاتا ہے۔ اسلاف پرستی یا شہرتِ بزرگی یا طنطنۂ عظمت و سربلندی کو وہ اپنی راہ میں حائل نہیں ہونے دیتا۔

فقہ میں اس حاشیہ نگاری نے ہماری بڑی رہنمائی کی ہے۔ ہم امورِ دینوی میں جب ایسے مقام پر راہنمائی کی ضرورت محسوس کرتے ہیں جہاں ہمارے اسلاف کرام نے ہمارے لیئے راستہ متعین نہ کیا ہو تو مستند اور متبحّر علمائے کرام کے یہ حواشی ہماری راہنمائی فرماتے ہیں اور شاید ہمارے بزرگوں اور علمائے سلف نے حاشیہ نگاری کو اسی غرض سے اپنایا تھا کہ مسائلِ یومیہ اور معاملاتِ روزمرّہ میں جہاں کہیں ہم کو کسی عقدہ لاینحل سے دوچار ہونا پڑے تو یہ حواشی ہماری عقدہ کشائی کریں۔ میں اگر علمائے سلف کی کتابوں پر حواشی سے اپنے اس بیان اور اپنی اس تصریح کی تائید پیش کروں تو بہت سے صفحات پُر ہو جائیں گے۔ اس لیئے میں اشتمال سے گریز کرتے ہوئے یہ بات ضرور کہنا چاہوں گا کہ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حواشی کا کیا مقام ہے اور آپؒ کے حواشی کا کیا مرتبہ ہے اور میں نے حواشی رضا قدس سرہٗ کا یہ جائزہ کیوں پیش کیا ہے؟ حواشی امام احمد رضا قدس سرہٗ کے تحقیقی جائزہ سے بجز اس کے اور کچھ مقصود نہیں کہ قارئین اور اربابِ علم و فضل کو یہ معلوم ہو جائے کہ حضرت والا مرتبت کا پائگاہ علم کیا ہے ان کے تبحّر علمی کی وسعتوں اور پنہائیوں کا کیا عالم تھا؟ ان کے فکر کی گیرائی کس منزل پہ تھی ان کی فکر رسا کن کناروں پر کمند ڈالتی تھی۔

امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک مقلّد تھے۔ آپ کا مسلک حنفی تھا لیکن آپ ایسے مقلد تھے جس کی تقلید کے دامن میں اجتہاد کی وسعتیں اپنی تمام تر گیرائیوں اور گہرائیوں کے ساتھ سمٹ کر آگئی تھیں۔ وہ مجدّد تھے لیکن ایسے مجدّد کہ آپ کے تجدّد نے علم و فکر کے ان گوشوں تک صاحبانِ طلب کو پہنچایا جو رہنمائی کی نایابی کے باعث مجبور ہو کر بیٹھ گئے تھے۔ اسلاف پرستی اور شخصی عظمتوں کے اعتبارات علم و فضل نے تحقیق و تجسّس، تفحص و تفکر کے راستوں پر اعتماد و یقین کے ایسے دبیز پردے ڈال دیئے تھے کہ نئے راستے ہی نہیں بلکہ قدیم راستے بھی چھپ گئے تھے اور مدتوں سے قدم ناآشنا ہو چکے تھے۔

